سوال

(561)ایک بچی نے ایک عورت کا دودھ تین مرتبہ پیا ہے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک بچی نے ایک عورت کا دودھ تین مرتبہ پیا ہے کیا اس بچی کا نکاح اس عورت کے بیٹے کے ساتھ ہوسکتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

سوال میں مذکورصورت اگرفی الواقع درست ہے تواس بچی کا دودھ پلانے والی عورت کے بیٹے کے ساتھ نکاح درست ہے بشرطیکہ اس بچی اوراس بیٹے کا آپس میں کوئی اور محرم نکاح رشتہ موجودنہ ہوکیونکہ صحیح مسلم میں ہے : ’’پانچ رضعات سے حرمت رضاعت ثابت ہوتی ہے ۔‘‘ (ج : ۱ ، ص : ۴۶۹)اورمذکورہ بالاصورت مسئولہ میں صرف تین رضعات ہیں جو محرم نہیں ۔ واللہ اعلم

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص475

محدث فتویٰ